# 11194-اللہ تعالی کے اسم "الشھید" کا معنی۔

## سوال

اللہ تعالی کے اسم "الشھید" کا معنی کیا ہے ؟

## پسندیدہ جواب

الشھید : اسے کہتے ہیں جوکہ اپنی گواہی میں امین ہو۔

اورایک معنی یہ بھی کیا گیا ہے کہ : الشھیدوہ ہے جس کے علم سے کوئ چیز بھی غائب نہ ہو، اور گواہ حاضر ہوتا ہے ، اوروہی ہے جوکہ روزقیامت مخلوق پر گواہی دے گا ، اوراللہ سبحانہ وتعالی نے جو بھی مخلوقات پیدا کی ہیں وہ اس کی توحید پر دلالت کرتی ہیں ۔

"الشھید" اور "الخبیر" اور "العلیم" ان سب کا تعلق علم سے ہے ، توالشھیدامورظاہرہ کے متعلق اورالخبیر باطنی امور کے متعلق اورالعلیم ان دونوں کوشامل ہے ۔

تواللہ جب اللہ سبحانہ وتعالی پرکوئ چیز مخفی نہیں تووہ شاھداورشھید ہوا یعنی وہ اشیاء اوران کے حقائق اس کے علم میں ہیں ایسا علم جوکہ علم مشاھدہ ہے اس لۓ کہ اللہ تبارک وتعالی پرکوئ پوشیدہ رہنے والی چیز بھی مخفی نہیں ۔

جیسے کہ اللہ تعالی مظلوم کا شاھداورگواہ ہے جس کا دنیا میں کوئ گواہ نہیں اورنہ ہی ظالم کے خلاف اس کی مدد کرنے والا ہے جوکہ ظالم کوظلم کرنے سے روکے اور مظلوم کے ساتھ انصاف کرے ۔

اوروہ اللہ سبحانہ وتعالی سب چیزوں پر مطلع ہے اورپوشیدہ اورظاہر آوازوں کوسننے والااورسب موجوداشیاء کوچاہے وہ باریک سے باریک ہی اورموٹی ہوں یا پھر چھوٹی ہوں یا بڑی ، اس کے علم نے ہرچیز کواپنے احاطہ میں لے رکھا ہے ۔

اوروہ اللہ سبحانہ وتعالی ہی اپنے بندوں کے حق میں اوران کے خلاف گواہی دے گا جوکچھ وہ عمل کررہے ہیں ۔

.